ہونے ستر سال کی عمر تک، علیٰ ہٰذالقیاس - لیکن ۱۷۹ آرٹیکل کی سب آرٹیکل ۱ میں یہ تین چیزیں درج ہیں - کیا اس ترمیم کے پاس کرنے کے بعد ہمیں یہ خدشہ تو نہیں پیدا ہو جاتا کہ اگر خدا نخواستہ ، کسی وقت کسی چیف جسٹس آف پاکستان کو علیحدہ کرنے کی ضرورت پڑی ، تو وہ علیحدہ نہیں ہو سکے گا ؟ اور کیا اس سے یہ بھی خطرہ پیدا نہیں ہوتا کہ وہ ریزائن بھی نہیں کر سکتے ، مستعفی بھی نہیں ہو سکتے - کیونکہ ہم ایک ایسی کلاز لا رہے ہیں کہ انہیں اس صورت میں اپنی ۶۵ سال کی یہ منصبی میعاد پوری کرنی ہے - انہیں ریٹائر نہیں ہونا ہے - وہ تو بات سمجھ میں آ گئی - لیکن خدا نخواستہ ، اگر ان کو علیحدہ کرنا مقصود ہو ، اسی آئین کے تحت انہیں علیحدہ کرنا ہو ، تو کیا یہ نئی ترمیم جو ہم لا رہے ہیں ، اس کے راستے میں حائل تو نہیں ہوگی ؟ اس پر محترم وزیر قانون غور فرما لیں - اور اسی طرح آرٹیکل ۱۹۵ میں جو ترمیم آ رہی ہے ، وہ بھی اسی طرح ان کی راہ میں حائل ہو سکتی ہے -

جناب چیئرمین ! دوسرا انہوں نے ارشاد فرمایا ہے کہ یہ ترمیمی بل پروسیجرل ہے - مجھے کامل یقین ہے کہ محترم وزیر قانون پروسیجرل قانون سے بڑی اچھی طرح واقف ہیں اور جانتے ہیں اس لئے میں حیران ہوں کہ انہوں نے ترمیمی بل کے متعلق یہ الفاظ کیسے استعمال کئے ہیں - اس میں کوئی پروسیجر ، کوئی ضابطہ انوالو نہیں ہے ، سیدھی سی بات ہے کہ ہم نے اس میں پہلی دو ترمیموں کے ذریعے یا ۳-۲ کلاززکے ذریعے مراعات دی ہیں ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کو اور سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کو - اس میں پروسیجر کا سوال ہے - ہم ناک کو سیدھے ہاتھ سے پکڑنے کی بجائے الٹے ہاتھ سے پکڑتے ہیں ، اوپر سے ہاتھ لا کر پکڑتے ہیں چشم ما روشن دل ما شاد ، ان کو ضرور مراعات دیں - میں تو ان لوگوں میں سے ہوں جو یہ چاہتے ہیں کہ ان کو زیادہ سے زیادہ مراعات ملیں کیونکہ ہمارے ملک میں صحت کا معیار بھی اچھا بھلا ہے - جب تک جج صاحبان خود نہ کہیں ، ان کو ریٹائر نہیں کرنا چاہئے - جناب والا ! میں عرض کرتا ہوں کہ یونائیٹڈ سٹیٹ کے چیف جسٹس مسٹر ڈگلس ، جن کو حال ہی میں فالج ہوگیا تھا اور وہ معذور ہوگئے تھے ، اس کے بعد انہوں نے کوشش کی کہ وہ بطور جج اپنی خدمات سر انجام دیتے رہیں لیکن کیونکہ رائے عامہ اس بات کے خلاف تھی اور یہ تصور کیا جاتا تھا کہ وہ معذور ہو چکے ہیں اس لئے اپنے فرائض درست طور پر انجام نہیں دے سکتے ہیں اس لئے انہیں استعفی دینا پڑا - تو چیف جسٹس کے عہدے کی میرے نزدیک کوئی میعاد نہیں ہونی چاہئے اور نہ ہی ان کی مدت ملازمت مقرر ہونی چاہئے - ہم ان پر پابندیاں لگاتے رہتے ہیں - میں چاہتا ہوں کہ ان پر پابندیاں نہ ہوں - تاکہ

[Khawaja Mohammad Safdar]

وہ اپنے منصب اور اپنے حلف کے مطابق اس ملک کو، اس کے عوام کو انصاف مہیا کریں - آپ پابندیاں خود لگاتے ہیں اور پھر ان پابندیوں سے کوئی راستہ نکالنے کی کوشش کرتے ہیں اور ان پر احسان جتانے کی کوشش کرتے ہیں - اس طرف جو میرے دوست بیٹھے ہیں وہ اس رائے کے حق میں ہیں - کہ سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کے عہدے کی کوئی میعاد نہیں ہونی چاہئیے کوئی پابندی نہیں ہونی چاہئیے - یہ مسئلہ ان کے اور ان کے خدا کے درمیان رہے - جب تک وہ اپنے عہدے کے فرائض بحسن خوبی ادا کر سکتے ہیں وہ کرتے رہیں اور اس کے بعد اپنے گھر میں ریٹائرمنٹ کے بعد آرام کریں - پانچویں ترمیمی بل پر بحث کے دوران میں نے عرض کیا تھا اور اس وقت وزیر اعظم صاحب بھی موجود تھے کہ جب وہ ریٹائرمنٹ لے لیں یا مستعفی ہو جائیں تو ان کو وہی تنخواہ ملتی رہے جو ان کو پہلے ملتی تھی ان کو وہی مراعات دی جائیں جو ان کو پہلے ملتی تھیں - یہ مراعات ان کو تمام عمر دی جائیں - یہ کم نہیں ہونی چاہئیں لیکن ہماری کون سنتا ہے - اس طرح تو ایک آزاد عدلیہ اس ملک میں وجود میں آ جائے گی جہاں تک ارباب اقتدار کا تعلق ہے وہ شاید اس خیال کو پسند نہیں کرتے -

جناب والا ! میں چند منٹ میں دو تین گزارشات کروں گا - محترم وزیر قانون اور میرے فاضل دوست سینیٹر افضل کھوسو نے ارشاد فرمایا ہے کہ یہ ایڈوائزر اور سپیشل اسسٹنٹ خواہ وزیر اعظم کے ہوں یا وزرا اعلیٰ کے، یہ ایکسپرٹ ہوتے ہیں - یہ ماہرین ہیں اگر وہ بہتر طور پر پارلیمنٹ میں یا کسی صوبائی اسمبلی میں ممبر منتخب ہونے پر اس ملک کی اس قوم کی خدمت کر سکتے ہیں تو ان پر قدغن کیوں لگائی ہے - ظاہر ہے کہ بظاہر ان کی بات میں کچھ وزن معلوم ہوتا ہے لیکن میں ان سے پوچھتا ہوں کہ کیا یہ امر واقع ہے کہ جو لوگ ایڈوائزر مقرر ہوتے ہیں وہ واقعی ماہر ہوتے ہیں ؟ بلوچستان کی سابقہ وزارت ماہرین پر مشتمل تھی جب انہیں ڈسمس کیا گیا ، ان کو برخواست کیا گیا ؟ کیا ان میں اس وقت مہارت آ گئی تھی ؟ پہلے وزیر تھے، ڈسمس ہوگئے تھے اس خیال سے کہ ان میں کچھ خامیاں تھیں - میں ان کا تذکرہ نہیں کروں گا لیکن وہ ایڈوائزر مقرر کر دئے گئے گورنر بلوچستان کے - تو کیا وہ ماہرین کی صف میں شامل ہو گئے ؟ جو خامیاں ان میں پہلے تھیں کیا وہ بعد میں نہیں تھیں ؟ البتہ چونکہ ان کو نوازنا تھا ان پر مہربانی ہونی تھی ، ان پر عنایت ہونی تھی لہذا ان کے لئے سپیشل قانون لایا گیا ہے - اسی طور پر یہ خصوصی ترمیمی بل لایا جا رہا ہے اس میں یہ شامل کیا جا رہا ہے کہ تمام ایڈوائزر اور سپیشل اسسٹنٹ پر اب کوئی پابندی نہیں ہے وہ

انتخابات میں حصہ لے سکتے ہیں - یہ اب پراٹھا بھی کھائیں گے اور دو دو کھائیں گے - وہ تمام مراعات جو ایک سیاسی کارکن کو حاصل نہیں ہیں ' بطور ایڈوائزر کے یا سپیشل اسسٹنٹ کے ، وہ حاصل کرتے رہیں گے - وہ مراعات اور حقوق جو کہ ایک سیاسی کارکن کو حاصل نہیں ہیں وہ ان کو حاصل ہیں - یعنی ان کو دو دو مراعات دی جا رہی ہیں - یہ کیوں؟ اور اس کی کیا وجہ ہے؟ - بعض دوستوں کو میں اچھی طرح جانتا ہوں اور وہ میرے بڑے اچھے دوست ہیں ان میں ایڈوائزر بھی ہیں ' سپیشل اسسٹنٹ بھی ہیں - بعض کی اہلیت کے متعلق بھی واقفیت رکھتا ہوں لیکن میں کسی کی ذات کے متعلق بات نہیں کرنا چاہتا ہوں - سوال صرف یہ ہے کہ گذشتہ ۵ سال سے جو خصوصی مراعات ان کو حاصل رہی ہیں جو کہ میرے دوستوں کو حاصل نہیں رہی ہیں یا پارلیمنٹ کے دوسرے معزز اراکین کو حاصل نہیں رہی ہیں اس لئے کہ ہم ممبر تھے یہ میرے دوست جو رکن ہیں ان کو یہ مراعات نہیں مل سکتی تھیں جو کہ ان کو ملی ہوئی تھیں اب پھر اسی مراعات یافتہ طبقہ کو ایک اور رعایت دی جا رہی ہے ' ایک اور انعام ان پر کیا جا رہا ہے وہ اس لئے کہ چونکہ انتخابات کا شور و غوغا ہے ' صلاح عام ہے یاران نکتہ دان کے لئے ' کہ وہ انتخابات میں حصہ لے سکتے ہیں - وہ سپیشل اسسٹنٹ بھی رہیں گے اور ایڈوائزر بھی رہیں گے اور انتخابات میں حصہ بھی لے سکیں گے جو کہ میرے دوستوں میں ماسوائے وزراء صاحبان کے ' کسی کو یہ رعایت حاصل نہیں ہے - جناب والا ! میں یہ سمجھتا ہوں کہ وہ ہر ڈیفینیشن کے مطابق ، ہر تعریف کے مطابق سرکاری ملازم ہیں - اگر وہ سرکاری ملازم نہ ہوتے تو جس روز دستور بنایا گیا تھا اس روز بھی یہی ارباب اقتدار تھے ، اس وقت بھی ان کے پاس سپیشل اسسٹنٹ اور ایڈوائزر تھے - یہ اس وقت سوچتے کہ یہ مفید لوگ ہیں یہ قوم اور ملک کے لئے بطور رکن پارلیمنٹ کے فائدہ مند ثابت ہو سکتے ہیں - یہ اس وقت سوچنا چاہئے تھا لیکن اس وقت سوچ اور تھی اور آج سوچ اور ہے - اس وقت سوچ یہ تھی کہ ان لوگوں کو اس زمرے میں شامل نہیں کیا جا سکتا ہے ان کو پولیٹیکل ورکرز کی صف میں شامل نہیں کیا جا سکتا ہے - اس وقت یہ سوچ تھی اور آج سوچ میں تبدیلی ہے - یہ ٹھیک ہے کہ انسان کو ترقی پسند ہونا چاہئے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ ترقی نہیں ہے رجعت قہقری ہے - دنیا کے کسی ملک میں ایسا نہیں ہے - جناب والا ! آپ امریکہ کا آئین دیکھ لیجئے وہاں جو لوگ سکیریٹری مقرر ہوتے ہیں وہ منسٹر ہوتے ہیں لیکن نام ان کا سیکرٹری ہوتا ہے - اور پریذیڈنٹ کے سپیشل ایڈوائزر اور سپیشل اسسٹنٹ کانگریس کے ممبر نہیں ہوتے اور اگر وہ کانگریس کے ممبر ہوں تو انہیں اپنے عہدوں سے استعفیٰ دینا پڑتا ہے - آپ کسی بھی آئین کو دیکھ لیجئے عام طور پر

[Khawaja Mohammad Safdar]

یہ سپشل ایڈوائزر اور سپشل اسسٹنٹ پارلیمانی نظام میں نہیں ہوتے ہیں - جہاں تک مجھے علم ہے اور میرا علم ناقص ہے اور محدود ہے میں مانتا ہوں ، لیکن جب انگلستان کی حکومت نصف کرہ ارض پر تھی تب بھی وزیر اعظم کے نہ تو سپیشل ایڈوائزر تھے اور نہ سپشل اسسٹنٹ تھے - اس کے ایڈوائزر اور اس کے اسسٹنٹ اس کی کابینہ کے ارکان تھے - میں کھوسو صاحب کی بات بھی مانتا ہوں کہ وزیر صحت ہونے کے لئے یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ شخص ، ڈاکٹر ہو یا کسی ایکسپرٹ کی ضرورت ہو کیونکہ اس شعبے کے متعلق یا اس شعبے کی وزارت کا قلمدان سنبھالنے کے لئے کسی ایکسپرٹ کی ضرورت نہیں ہے اس لئے کہ آپ کے پاس ایک پورا سیکرٹریٹ ہوتا ہے - جس میں ایکسپرٹ بھی ہوتے ہیں ، جس میں بیوریوکریٹ بھی ہوتے ہیں ، جس میں ایڈمنسٹریٹر بھی ہوتے ہیں اور اس میں اس فن کے ماہرین بھی ہوتے ہیں اور وہ آپ کو مشورہ دیتے ہیں - وہ آپ کے لئے بریف تیار کرتے ہیں - مجھے یاد پڑتا ہے کہ چرچل نے کہا تھا ، کہ اگر ایکسپرٹ کی مدد سے یا مشورے سے ہم دوسری جنگ عظیم لڑتے تو ہم کب کے شکست کھا چکے ہوتے ، اگر ایکسپرٹ ہی کی بات ہے تو پھر تقریباً تقریباً ہر ملک کے وزیر اعظم کو اسی فوج کا سربراہ ہونا چاہیے کیونکہ ظاہر ہے کہ عام طور پر شعبہ ہائے جنگ میں فوج جو ہے وہ اکثر و بیشتر وزیر اعظم کے وزارت قلمدان کے ساتھ منسلک ہوتی ہے - تو یہ ہم غلط طرف جا رہے ہیں اور ہمارا طریقہ غلط ہے اس لئے میں ان سے درخواست کرونگا کہ از راہ کرم یہ ترمیم واپس لے لیں اگر وہ لوگ ایکسپرٹ ہیں تو ان کو ملازم رکھیے ان کو جائنٹ سیکریٹری بنائیے نئے قواعد کے تحت بلا واسطہ بلا کسی کمیشن کے جائنٹ سیکریٹری مقرر کر سکتے ہیں ، سیکریٹری مقرر کر سکتے ہیں - جو چاہیں مقرر کر سکتے ہیں لیکن ان کو سیاست میں نہ لائیے کیونکہ ان کا بھی مردہ خراب ہوگا اور میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ آپ کو بھی کوئی فائدہ نہیں پہنچ سکے گا - شکریہ

ملک محمد اختر : آپ نے وعدہ کیا تھا کہ آپ نہیں بولیں گے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : وعدہ تو نہیں کیا تھا -

ملک محمد اختر : اگر آپ رےپی‌ٹیشن نہ کریں تو اچھا ہے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : یہ وعدے اور یقین دھانیاں بہت کرتے ہیں اور وہ وعدہ ھی کیا جو ایفا ہو جائے ، جناب چیئرمین !

جناب چیئرمین : ملک صاحب سٹیمنا کا مقابلہ ہے -

ملک محمد اختر : میں پہلے پندرہ بیس منٹ تو نہیں جھگڑونگا ، اس کے بعد جھگڑونگا -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جناب چیئرمین ! دستور کی چھٹی ترمیم جو اس وقت ہمارے پیش نظر ہے اس میں مختلف نقاط انتہائی احسن طریقے پر تشریح اور وضاحت کے ساتھ میرے فاضل دوست سینٹر شہزاد گل صاحب اور محترم خواجہ صاحب اور سینٹر کامران صاحب نے فرما دئیے ہیں - اور دستور کی یہ ترمیم جو اس وقت پیش نظر ہے وہ حسب معمول انتہائی عجلت میں لائی گئی ہے دنیا میں اب تک یہ ہوتا چلا آیا ہے اور دیکھا جاتا ہے کہ قومیں دستور کو اپنی زندگی کی راہنمائی کے لئے وضع کرتی ہیں تاکہ اس کی روشنی میں ایسے قوانین وضع کیے جا سکیں جن سے معاشرہ اجتماعی طور پر پھل اور پھول سکے اور خوشحال زندگی بسر کر سکیں - میں بھی اس بات کو تسلیم کرتا ہوں کہ دستور میں ترمیم کی ضرورت پیش آتی ہے اور یقیناً آتی ہے کیونکہ قوموں کی زندگی میں ایسے موڑ اور ایسے مواقعے ضرور آتے ہیں جن میں انہیں دستور میں ترمیم کی ضرورت پیش آیا کرتی ہے لیکن وہ اس ترمیم میں انتہائی سوچ بچار ، انتہائی واضح پالیسی اور انتہائی واضح خطوط کو معین کرتی ہیں اور اس سے پوری قوم اور ملک کی بھلائی مقصود ہوتی ہے - کسی ایک فرد کے ذاتی مفاد یا کسی خاص طبقہ خیال کے پیش نظر وہ ترمیم نہیں ہوتی ہے - امریکہ کی مثال ہمارے سامنے ہے ان کے دستور کو تقریباً دو سو سال کا عرصہ ہو گیا ہے اور ان کے ہاں دستور میں جتنی ترمیم ہوئی ہیں - وہ انتہائی محتاط طریقے اور انتہائی محتاط رہ کر اس دو سال کے عرصہ میں تقریباً ۲۵ یا ۲۶ ترامیم ہوئی ہیں - ہمارے یہاں دستور ترمیم کرنے کے سلسلے میں عجلت کا یہ عالم ہے کہ ممبران اسمبلی اور ممبران سینٹ جب رات کو اپنے کمروں میں آرام فرما رہے ہوتے ہیں تو دروازہ کھٹکھٹا کر یا سوتے سے جگا کر ان کو کل صبح کے لئے ترمیم کا نوٹس دیا جاتا ہے - یہ ترمیم جہاں ان کے آرام میں مخل ہوتی ہے اور ان کے ذہنی سکون کو برباد کرتی ہے وہاں اس کے پیش نظر آپ یہ غور فرمائیے جناب چیئرمین کہ کس طرح سے ایک ممبر راتوں رات اپنے آپ کو اس قابل بنا سکتا ہے کہ وہ دستور میں ترمیم کی تیاری کر سکے اور وزارت قانون نے بڑے بڑے بقراط اور سقراط - - -

ملک محمد اختر : آپ کی کوچنگ اور ٹریننگ کے لئے ہم جو بیٹھے ہیں -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : رات کو تشریف لانے کی آپ کو ضرورت پیش آئے تو کوئی مضائقہ نہیں ہے اور اگر یہ بات پیرزادہ صاحب کہتے تو اور بہتر تھا

[Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi]

کیونکہ بل ان کی طرف سے پیش ہو رہا ہے اور پتہ نہیں کہ آپ کیسے آ گئے ہیں - جناب چیئرمین ! یہ دخل در معقولات ہے -

جناب طاہر محمد خان : کسی شخص کی غیر حاضری میں اس کے متعلق بات کرنا غیبت ہے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : یہ غیبت نہیں ہے بلکہ یہ وضاحت ہے - تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ کوئی بھی ذہین ترین فرد دستور میں بہ عجلت ممکنہ اتنے مختصر وقفے میں اپنے آپ کو تیار نہیں کر سکتا ہے - وزارت قانون کے سقراط اور بقراط یہ سارے کے سارے مہینوں دستور میں ترمیم کے لئے اپنے آپ کو تیار کرتے رہتے ہیں اور اس کے مقاصد پر غور کرتے رہتے ہیں - اس کے بعد دو تین مہینوں کی مسلسل کاوشوں کے بعد یہ ترمیم دی جاتی ہے - لیکن ممبران کو اتنا بھی موقع نہیں دیا جاتا ہے کہ وہ دستور میں ترمیم کے لئے مطالع کر سکیں - میں عزت مآب وزیر قانون سے بڑے ادب سے عرض کرونگا کہ وہ دنیا کے کسی بھی جمہوری ملک کی مثال مجھے بتائیں کہ جہاں چھ یا آٹھ یا بارہ گھنٹوں کے نوٹس پر دستور میں ترمیم کی گئی ہو دنیا کے کسی بھی جمہوری ملک نے ایسا نہیں کیا - دنیا کے کسی ملک میں ایسا نہیں ہوا - عوامی جمہوریت غالباً اسی کا نام ہے اور انہوں نے جمہوریت کی یہ نئی تعریف بتائی ہے کہ جس میں ترمیم کے لئے ممبران کو کم سے کم وقت دیا جائے کہ وہ سوچ سکیں - اور اس کے بعد مسودہ قانون میں اپنی ترامیم پیش کر سکیں - اس کا موقع نہیں دیا جاتا - ہونا یہ چاہئے تھا کہ محترم وزیر قانون بیوروکریٹس کو جو وزارت قانون میں ہیں ان کو یہ بتاتے اور خود بھی بحیثیت وزیر قانون کے نہیں بلکہ اس حیثیت سے بھی کہ وہ سیاسی راہنما کی حیثیت سے معروف ہیں وہ مغربی پاکستان اسمبلی کے بھی ممبر رہے ہیں اور اس کے بعد خوش قسمتی سے اس قومی اسمبلی کے بھی ممبر ہیں ' ان کا پورا کردار سیاست پر رہا ہے اور سیاسی کیریئر ہے - ان کو خود بھی یہ بات سوچنی چاہئے کہ دستور کتنی اہم اور کتنی مقدس دستاویز ہے - اگر اس میں لازمی ہی ترمیم کرنی ہے تو اس کا طریقہ کار کم سے کم ایسا ہونا چاہئے کہ ممبران تفصیل کے ساتھ اس کے مالہ و ماعلیہ پر غور کر سکیں اور اس کے جتنے بھی فرائض ہیں ان میں تنقید کے جو پہلو ہیں ان کو قوم کے سامنے اجاگر کر سکیں - اور تعریف اور مدحت کے جو پہلو اس میں نکلتے ہیں - ان کو بھی بیان کر سکیں - لیکن ایسا نہیں ہوتا ان کو اتنی عجلت سے کام نہیں لینا چاہئے اور میں اس کی مذمت کیے بغیر نہیں رہ سکتا -

اب جناب والا ! دستور میں ، آئین میں مشیروں کا کوئی تذکرہ نہیں ہے اور یہ بات اس سے پہلے بھی کہی گئی ہے ، میں اسے دھرانا نہیں چاہتا مجھے اتنی ہی بات عرض کرنی ہے کہ جن اشخاص کے تقرری کا حق آئین نے نہیں دیا ان کی تقرری کیوں ہوتی ہے اور اگر تقرری ہو بھی جاتی ہے تو جن کی تقرری کا حق آئین میں نہیں ہے ان کو آئینی تحفظ کیا دیا جا رہا ہے - یہ انتہائی قابل اعتراض بات ہے - میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں میں یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ یہ وزراء کی فوج ظفر موج ، جس کے متعلق یہ سمجھا جاتا ہے کہ قابل ترین افراد پر مشتمل ہے ، یہ ان کی پارٹی کے لوگوں کی رائے ہے - پارٹی کے لوگ یہ کہتے ہیں کہ وزیر اعظم صاحب کے ساتھ جو ٹیم ہے وہ انتہائی قابل ترین افراد کی ہے - دیانتدار لوگ ہیں - قوم کی خدمت کر رہے ہیں تو پھر یہ سارے کے سارے وزیر کیا مشورہ دینے کے قابل نہیں ہیں ، اور اگر مشورہ دینے کے قابل ہیں تو پھر مشیروں کی کیا ضرورت ہے؟ اور اگر ضرورت ہے بھی تو ان کو آئینی اور دستوری تحفظ دینے کی کیا ضرورت ہے ، یہ قومی خزانے پر بوجھ بھی ہے اور قومی خزانے کا زیان بھی ہے اور دستور کے ساتھ مذاق ہے اور قومی سیاست کے ساتھ بھی مذاق ہے - میں سمجھتا ہوں کہ اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے ان مختصر سی گذارشات کے ساتھ میں اس کو ختم کرتا ہوں - شکریہ

جناب چیئرمین : شکریہ -

ملک محمد اختر : جناب والا ! میں اپنے ان دوستوں کا مشکور ہوں جو اس طرف بیٹھے ہیں -

جناب چیئرمین : ملک صاحب آپ نے مولانا صاحب کے لئے کوئی شعر نہیں پڑھا -

خواجہ محمد صفدر : ابھی یاد آ جاتا ہے -

جناب چیئرمین : کیونکہ جب آپ شعر کہتے ہیں تو مولانا صاحب کے ساتھ آپ کا تعلق معلوم ہو جاتا ہے ایسا تو نہیں ہے کہ تعلق کٹ گیا ہو - خدا نہ کرے

ملک محمد اختر : نہ تم صدمے ہمیں دیتے نہ ہم فریاد یوں کرتے
نہ کھلتے راز سربستہ نہ یوں رسوائیاں ہوتیں

مولانا صاحب نے شکایت کی ہے کہ رات کو ان کو بار بار تنگ کیا جاتا ہے اس کے متعلق میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ ان کا ذاتی مسئلہ تھا یہ اس کو ہاؤس میں کیوں لا آئے -

[Malik Mohammad Akhtar]

Sir, I would wind up only with a very few words. Sir, I consider that the Parliamentary Democracy is flourishing and progressing well in this country and there is no harm if we enable or qualify our parliamentarians to be appointed to the posts of Chairman, Islamic Ideology and even on Law Reform Commission as Chairman and then as advisors to the Prime Minister and the Chief Ministers and Special Assistants. It goes either way. They will eligible to contest the election and the parliamentarians are eligible to be reappointed as such. Then Sir, secondly I consider that we gave a commitment to the judiciary that the tenure of the Chief Justice of Pakistan would be five years, and the tenure of the Chief Justice of High court would be four years. So, it became necessary to further amend the Constitution.

Mr. Chairman : Now, I will put the motion to the House.

The question is :

> "That the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Sixth Amendment) Bill, 1976], as passed by the National Assembly, be taken into consideration.

(*The motion was adopted*)

Mr. Chairman : Now, we take up second reading of the Bill, clause by clause.

No amendment is there as far as my knowledge goes.

Now, I take up Clause 2.

The question is :

> "That Clause 2 of the Bill stands part of the Bill."

Those who are in favour of it may rise in their seats.

Those who are against it may rise in their seats. 27 in favour and 4 against.

(*The motion was adopted*)

Mr. Chairman : Khawaja Sahib, if you challenge then I again count them.

So, the motion is adopted.

Now, the question is :

> 'That Clause 3 of the Bill stands part of the Bill.'

Those who are in favour of it may rise in their seats. Please resume your seats.

Those who are against it may rise in their seats. Please resume your seats.

27 in favour and 4 against.

(The motion was adopted)

Mr. Chairman : This Clause is also adopted by total majority of the members.

Now we move on to Clause 4. Those who are in favour of the Clause 4 being form part of the Bill, may kindly rise in their seats.
27 in favour and 4 against.

(The motion was adopted)

Mr. Chairman : Well, 27 in favour and four against. So, the motion is carried by a majority of the total membership of the House. Now we take up clause 5.

The question before the House is :

"That Clause 5 forms part of the Bill."

Those who are in favour, may kindly rise in their seats.

27 in favour and 4 against.

(The motion was adopted)

Mr. Chairman : 27 for and 4 against. So, this clause is also carried by a majority of the total membership of the House. Last question. The question before the House is :

"That the Preamble, the Title and clause 1 form part of the Bill."

Those who are in favour may kindly rise in their seats.
27 in favour and 4 against.

(The motion was adopted)

Mr. Chairman : 27 in favour and 4 against. So, the Preamble, the Title and Clause 1 is carried by the majority of the total membership of the House.

Yes Malik Mohammad Akhtar, you move the next.

Malik Mohammad Akhtar (On behalf of the Minister concerned) : Sir, I beg to move :

"That the Bill further to amend the

[Malik Mohammad Akhtar]

> Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Sixth Amendment) Bill, 1976] be passed."

Mr. Chairman: The motion moved is:

> "That the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Sixth Amendment) Bill, 1976], be passed."

Khawaja Mohammad Safdar: Opposed.

Mr. Chairman: The motion is opposed.

Malik Mohammad Akhtar: I don't think there is any need of debate.

Mr. Chairman: Are there no speeches on either side?

All right. Now I will put the question and then go to division.

The question before the House is:

> "That the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Sixth Amendment) Bill, 1976], be passed."

Those who are in favour may say 'ayes'.

Malik Mohammad Akhtar: No Sir, that is.........

Mr. Chairman: I know we will go to division, but is it not appropriate first to put the question? Well, I am a bit doubtful in this regard whether first we will put the question and then we will go to the division or we will go straightaway to the Division.

Khawaja Mohammad Safdar: The House will now divide by lobbies Sir.

Mr. Chairman: Is it not necessary to put the question before division?

Khawaja Mohammad Safdar: It is necessary. It is absolutely necessary.

Mr. Chairman: The question has to be put?

Khawaja Mohammad Safdar: Of course.

Mr. Chairman : Then what will be the form of the question, that those who are in favour of it or against it ? Some question has to be put. Now, what will be the form of the question ? That is the only thing.

Khawaja Mohammad Safdar : Exactly Sir. You will put the question. That question will be decided by the division in the lobbies.

Mr. Chairman : So, the question has been put. Now I will divide and the division bell will be rung for two minutes.

راؤ عبدالستار : جناب ڈویژن بیل خراب ہے آپ آڈر دے دیجئے -

Mr. Chairman : Well, I will read the terms of the motion again, you see.

The question before the House is :

> "That the Bill further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan [The Constitution (Sixth Amendment) Bill, 1976], be passed."

Those who are in favour of it, go to 'AYES' LOBBY and those who are against, go on the other side, and divide.

(*Pause*)

Mr. Chairman ; The voting is over, and now the members can return to their seats.

(*Pause*)

Mr. Chairman : Well, I will now announce the result of the voting.

Ayes	:	27
Noes	:	4

So, the motion is carried by a majority of the total membership of the House and the Bill is passed.

Now, we take up next item.

Malik Mohammad Akhtar : Sir, if you permit, we may have ten minutes break for a cup of tea.

Mr. Chairman : What is your request ? Are you giving tea ?

Malik Mohammad Akhtar : Yes, Sir.

Mr. Chairman : So, gentlemen, you are all invited to tea at the Cafeteria by the Law Minister.

[Mr. Chairman]

We meet after about twenty minutes.

The Senate then adjourned for tea break for about twenty minutes)

(The House met at 12-56, Mr. Chairman in Chair after a short break)

Mr. Chairman : Now, which item is to be taken up.

Malik Mohammed Akhtar : No. 3 Sir.

THE REGULATION OF MINES AND OILFIELDS AND MINERAL DEVELOPMENT (GOVERNMENT CONTROL) (AMENDMENT) BILL, 1976

Mr. Chairman : Further consideration of the motion. Was the motion moved ?

Malik Mohammad Akhtar : It has been moved, explained and debated. Honourable Minister has explained it.

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! محترم وزیر صاحب نے یہ درست ارشاد فرمایا تھا کہ زیر بحث مسودہ قانون کے ذریعے ہم غیر ملکی کمپنیوں کو اپنے وطن میں تیل تلاش کرنے کے لئے ایسی مراعات دے رہے ہیں جو کسی اور ملک میں نہ کسی غیر ملکی تیل کمپنی کو یا کسی ملکی کمپنی کو نہیں دی اور ان فائدہ بخش مراعات کی بناء پر بہت سی بڑی بڑی تیل تلاش کرنے والی کمپنیوں نے حکومت پاکستان سے اس بات کی رضامندی کا اظہار کیا ہے کہ وہ ہمارے ملک میں تیل تلاش کرنے کے لئے معاہدات کرنے کو تیار ہیں - جناب چیئرمین ! یہ بل میرے نقطہ نظر سے نہایت اہم بھی ہے اور ٹیکنکل بھی ہے اور اس کی اہمیت اس بناء پر ہے کہ ہم اپنے ملک کی معدنی پیداوار سے فائدہ حاصل کرنے کے لئے غیر ملکی کمپنیوں کو اپنا حصہ دار بنا رہے ہیں اور اس لئے بھی اہم ہے کہ اس بل سے جیسا کہ محترم وزیر صاحب نے ارشاد فرمایا کہ ہمیں یقین ہے تیل کی تلاش کی رفتار ، جو کہ اس ملک میں بسنے والے کے نزدیک سست ہے ، تیز ہو جائے گی - اس ملک میں بسنے والے اس بات کے انتہائی خواہشمند ہیں کہ اس ملک میں اس قدر تیل دریافت ہو جائے جو کہ ہماری قومی اور ملکی ضرورت کی کفالت کر سکے -

اگر ہم اتنی مقدار میں تیل حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائیں کہ ہم اسے برآمد بھی کر سکیں تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ دن ہمارے لئے انتہائی خوش آئند ہو گا ۔ ظاہر ہے کہ جس ملک پر چار سو کروڑ روپے کے درآمدی تیل کے زرمبادلہ کا بوجھ ہو وہ اپنی ترقیاتی سکیموں کی طرف زیادہ توجہ نہیں دے سکتا ۔ کئی ضروری اور اشد ضروری امور کی طرف سے آنکھیں بند کرنی پڑتیں ہیں ۔ کیونکہ چار سو کروڑ روپے ہمارے ملک کے زرمبادلہ کا چالیس فیصد حصہ بنتا ہے ۔ اگر ہم اتنی کثیر رقم کو بچا سکیں اور اپنے ملک میں اس قدر تیل فراہم کر سکیں کہ ہماری ضروریات پوری ہو جائیں تو ظاہر ہے کہ یہ چار سو کروڑ روپے انتہائی مفید اور عوام کی بھلائی کے کاموں پر صرف ہو سکتا ہے ۔ اس بل کی اہمیت نہایت واضح ہے ۔

فنی اور ٹیکنیکل بنیادوں پر بھی اس بل کو میں نہایت اہم سمجھتا ہوں ۔ وہ اس بناء پر کہ جو معاہدات ہم نے غیر ملکی کمپنیوں کے ساتھ کرنے ہیں ، جو مراعات ہم نے ان کو دینی ہیں ۔ ان اثرات کو سمجھنے کے لئے اس فن میں مہارت کی ضرورت ہے ۔ مجھے افسوس ہے کہ میں نہ اس فن میں مہارت رکھتا ہوں اور نہ ہی میرے پاس اتنا وقت تھا کہ میں اس کی اہمیت کے پیش نظر اس بل کو پورا وقت دے سکتا ۔ بہرحال اس بل کے مضمرات ، جہاں تک میں سمجھتا ہوں وہ یہ ہیں کہ ہم ' بقول محترم وزیر صاحب کے انتہائی سود مند مراعات سود مند غیر ملکی کمپنیوں کو دے رہے ہیں ۔ یہ مراعات ہمارے یہاں کی کمپنیوں کے لئے نہیں ہیں ۔ یہ مراعات غیر ملکی کمپنیوں کو دے رہے ہیں ۔ جناب چیئرمین ! آپ کو یاد ہو گا اور یقیناً اس معزز ایوان کے معزز اراکان کو بھی یاد ہو گا کہ کسی زمانے میں اسی طرح کی مراعات سے غیر ملکی کمپنیوں کو تیل تلاش کرنے کے لئے ایران نے بھی نوازا تھا اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ صرف تیل تلاش کرتے رہے اور کامیابی سے تیل تلاش کیا ، بلکہ انہوں نے ایران کی اندرونی سیاست اور اس کے بیرونی تعلقات جو کہ غیر ملکوں کے ساتھ اس کے تھے اس میں بھی مداخلت شروع کر دی تاآنکہ مسٹر مصدق نے رو رو کر ایک طویل جدو جہد کے بعد ان غیر ملکی کمپنیوں سے اپنے ملک کو نجات دلائی ۔ جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں اس قسم کے جو معاہدات غیر ملکی کمپنیوں سے ہو رہے ہیں ان کے کماحقہ نتائج سے میں خود بھی نا واقف ہوں اس لئے میں ان پر روشنی نہیں ڈال سکتا لیکن محترم وزیر صاحب کی خدمت میں اتنا ضرور عرض کرنا چاہتا ہوں کہ وہ اس بات کو مد نظر رکھیں کہ یہ غیر ملکی کمپنیاں یہ مراعات حاصل کرکے جو آج

[Khawaja Mohammad Safdar]

ہم بخوشی ان کو دے رہے ہیں - وہ ہمارے ملک کی پیداوار میں اس قسم کے حصہ دار نہ بن جائیں کہ ان سے چھٹکارا حاصل کرنا مشکل ہو جائے یا وہ ہمارے اندرونی سیاست میں اس طرح دخیل نہ ہو جائیں کہ وہ ہمارے مستقبل کے لئے خطرہ بن جائیں -

اب جناب چیئرمین ! میں ان موٹی موٹی وجوہات کا ذکر کروں گا جن کی بناء پر میں یہ سمجھتا ہوں کہ جو مراعات ہم دے رہے ہیں وہ ہمارے ملک کے لئے غیر مفید ہیں ، مفید نہیں ہیں ، ہمارے ملک کی معیشت پر ان کے اچھے اثرات مرتب نہیں ہوں گے - جناب چیئرمین ! اس سے پیشتر کہ میں ان فنی اعتراضات یا فنی امور کی طرف اس معزز ایوان کی توجہ دلاؤں میں ابتداء ہی میں یہ واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ اس بل میں ایک دفعہ کے تحت یہ ارشاد فرمایا گیا ہے کہ وفاقی حکومت کو یہ اختیار ہو گا کہ جو اس مسودہ قانون کے گوشوارے میں مراعات درج ہیں جو کہ کوئی بھی کمپنی حاصل کر سکتی ہے ، اس کے علاوہ بھی اگر وفاقی حکومت مناسب خیال کرے تو وہ مزید مراعات ہر وقت دے سکتی ہے - جناب چیئرمین ! میرا اس مسئلے سے بنیادی اختلاف ہے - ایک تو یہ کہ جو بھی اتنا اہم مسئلہ ہو اس کو اس پارلیمنٹ کے سامنے پیش کرنا حکومت کے لئے لازم ہے - اس سے منظوری حاصل کرے اور اس کو اعتماد میں لے اور پھر کسی کمپنی کو مراعات دے - دوسری بات یہ ہے کہ جناب چیئرمین ! میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس کلاز سے ارباب اقتدار کو آزمائش میں ڈالنا ہو گا - آپ جانتے ہیں کہ حال ہی میں ایک بہت بڑا بین الاقوامی سکینڈل منظر عام پر آیا - امریکہ میں ہوائی جہاز بنانے کی ایک بہت بڑی کمپنی ہے جس کا نام لاکیڈ ہے - اس نے اپنے ہوائی جہاز فروخت کرنے کے لئے جاپان کے سیاستدانوں کو کرپٹ کیا ، ان کو بددیانت بنایا - اٹلی کے سیاست دانوں کو رشوتیں دیں اور ایک بہت بڑی ہستی کو رشوت دی ، چونکہ یہ مقدمات زیر سماعت ہیں اس لئے میں ان کے متعلق کچھ نہیں کہنا چاہتا - اس قسم کی بہت بڑی بڑی کمپنیوں اپنے لئے مراعات حاصل کرنے کے لئے ، تاریخ شاہد ہے کہ ملک کے سیاستدانوں کو بددیانت بناتی رہی ہیں - اگر میں اپنے ارباب اقتدار کے ہاتھ میں یہ اختیار دے دوں کہ وہ اس قانون میں مجوزہ مراعات کے علاوہ جو ان کا جی چاہے کسی کو رعایت دے دیں ، کسی کے ساتھ کسی اور قسم کا معاہدہ کر لیں تو وہ اس سے بہت بڑی آزمائش میں پڑ جائیں گے اور خدا نخواستہ ، خدا نخواستہ اگر کوئی کمپنی انہیں اس قسم کا لالچ دے ، میں یہ نہیں کہتا کہ وہ اس لالچ میں آ جائیں گے لیکن ان کی بدنامی کا خطرہ ہے - ان کی نیک نامی پر

بٹہ لگنے کا خطرہ ہے - میں یہ چاہتا ہوں کہ پاکستان کی سیاست کم از کم اس قسم کے الزامات سے پاک رہے - اس لئے میں محترم وزیر صاحب کی خدمت میں عرض کروں گا کہ یہ اختیارات کم از کم جو اس مجوزہ بل میں درج ہیں - یہ حاصل کرنے کی کوشش نہ فرمائیں اور ان کو حذف کر دیں - جب بھی کسی کمپنی کے ساتھ معاہدہ ہو تو وہ انہی حدود کے اندر ہو جو اس مسودہ قانون کے اندر حدود مقرر کر دی گئی ہیں - اور جب ان حدود کے علاوہ کسی کے ساتھ معاہدہ کرنا ہو گا تو پھر نیشنل اسمبلی اور سینٹ کو اپنے اعتماد میں لینا ہو گا کہ صاحب ان شرائط پر بھی ہمارے ساتھ کوئی معاہدہ کرنے کے لئے تیار نہیں ہے اس لئے ہم انہیں مزید مراعات دینے کے لئے تیار ہیں - اس طرح یہ پارلیمنٹ اور اس کے ارکان یہ دیکھ سکیں گے کہ آیا جو شرائط یا نئی رعائتیں ہیں اور وہ مراعات جن کے بغیر کوئی کمپنی کام کرنے کے لئے تیار نہیں ہے کیا وہ ہمارے ملک اور قوم کے لئے مفید ہیں - تو اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس قسم کے اختیارات وفاق حکومت کو اپنے ہاتھ میں نہیں لینے چاہئیں -

جناب چیئرمین ! جہاں تک ان مراعات کا تعلق ہے - جن کا ذکر اس بل میں کیا گیا ہے - مجھے ان سے بھی اختلاف ہے - میں سمجھتا ہوں کہ یہ مراعات ایسی ہیں جن سے کہ ہم سراسر گھاٹے میں ہیں - جناب چیئرمین ! رائلٹی کا ذکر کرتے ہوئے یہ ارشاد فرمایا گیا ہے کہ ویل ہیڈ پر کروڈ آئل کی قیمت صرف ساڑھے بارہ فیصد ہمیں ملے گا اور اس کی قیمت کا تعین کیسے ہو گا - اس کا تعین بین الاقوامی قیمت کے مطابق ہوگا - نہیں صاحب ! مارکیٹ کے مطابق اس کا تعین کیا جائے گا - نہیں صاحب ! بلکہ یہ اختیار اس کمپنی کو حاصل ہے کہ جتنا کروڈ آئل وہ مارکیٹ میں فروخت کرے اس کا تو مارکیٹ ویلیو کے حساب سے ساڑھے بارہ فیصدی ہمیں ملے گا - لیکن جو تیل وہ اپنی کسی سب سیڈیری کمپنی کو دے ، اپنی کسی شاخ کو دے ، اپنی کسی برانچ کو دے ، اپنی کسی سسٹر کو دے تو وہ وہی قیمت ہوگی جو کہ اس کمپنی سے وصول کی جائے گی خواہ وہ بین الاقوامی قیمت سے نصف ہو یا چوتھائی حصہ - اس کے لئے انہوں نے ایسا کوئی فارمولہ کم از کم اس میں درج نہیں کیا جس سے یہ ظاہر ہو کہ اگر یہ رعایت دینی ہے تو ان پر یہ تو پابندی ہو کہ وہ تیل کی کل پیداوار کا دسواں حصہ یا بیسواں حصہ اپنی سب سیڈیری کمپنی کو دے سکیں گے باقی ۹/۱۰ حصہ مارکیٹ میں انہیں فروخت کرنا ہو گا - ایسا ہو سکتا ہے جناب چیئرمین کہ وہ سو فیصدی تیل اپنی کسی ذیلی کمپنی کے حوالے کر دیں - ان سے کوئی نامینل قیمت یا معمولی قیمت وصول کر لیں اور اس

[Khawaja Mohammad Safdar]

کے حساب سے ہمیں ساڑھے بارہ فیصدی تیل کی قیمت دیں - جہاں تک مجھے معلوم ہے تیل پیدا کرنے والے ممالک تیل کی قیمتوں میں اضافہ کر رہے ہیں - ساڑھے تیرہ ڈالر ایک بیرل کی قیمت پہلے تھی - اب بڑھ چکی ہے - اس کا ساڑھے بارہ فیصدی حصہ بمشکل ڈیڑھ ڈالر بنتا ہے - ہم اپنے تیل کی رائلٹی صرف ڈیڑھ ڈالر وصول کرنا چاہتے ہیں - ڈیڑھ ڈالر ایک بیرل کے حساب سے وصول کرنا چاہتے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ یہ گھاٹے کا سودا ہے - یہ ہماری دولت غیر ملکی کھا جائیں گے ہمیں کوئی فائدہ نہیں ہوگا - اس سے تو بدرجہا بہتر ہے کہ ہماری یہ دولت زمین کے اندر دفن رہے - بجائے اس کے کہ لوگ کھا جائیں ، غیر ملکی کھا جائیں ، غیر ملکی اس سے فائدہ اٹھائیں اور ہم صرف یہ دیکھتے رہیں کہ ہماری زمین تیل اگل رہی ہے لیکن ہمیں اس سے کوئی فائدہ نہیں پہنچ سکتا - اسی طرح جناب چیئرمین اس سے آگے بڑھئے تو یہ بات تو میری سمجھ میں آتی ہے کہ ان کو ایک حد تک انکم ٹیکس اور دوسرے ٹیکسز سے مستثنیٰ کیا جانا چاہئے ، جب تک کہ تیل برآمد نہ ہو - لیکن اگر تیل برآمد ہو گیا اور اس کی فروختگی مارکیٹ میں شروع ہو گئی تو کیا وجہ ہے کہ ہم اس تیل کی آمدنی پر ٹیکس وصول نہ کریں - لیکن اس بل میں جو مراعات درج ہیں - ان میں یہ بھی درج ہے کہ ہم ایک طویل عرصہ تک اس تیل کی آمدنی پر کوئی ٹیکس وصول نہیں کریں گے - یہ تو کمپنیوں کا مسئلہ ہے ہم نے کمپنیوں کے ملازموں کے آگے بھی گھٹنے ٹیک دئے ہیں - ملازمین کو یہ رعایت دی گئی ہے کہ ان کی آمدنی پر تین سال تک کوئی ٹیکس وصول نہیں کیا جائے گا - ہو سکتا ہے کہ اکثر و بیشتر ملازمین تین سال کی ملازمت کرنے کے بعد واپس چلے جائیں اور ہم یہ دیکھتے رہیں کہ کب ان کی ملازمت کا چوتھا سال چڑھتا اور ہم ان سے انکم ٹیکس وصول کرتے ہیں اور نہ وہ چوتھا سال ان کی ملازمت کا چڑھے گا اور نہ ہم ان سے ٹیکس وصول کریں گے - ایک چھوٹ نہیں بلکہ اس کے علاوہ یہ ہے کہ روزمرہ کی اشیاء خریدنے کے لئے ان کو یہ بھی رعایت دی گئی ہے کہ وہ ۵۰۰۰ روپے کی اشیاء بغیر درآمدی ڈیوٹی کے خرید سکیں گے اور درآمد کر سکیں گے - بغیر کسی سیلز ٹیکس کے ، بغیر کسی اور ٹیکس کے - ان پر شرط یہ ہے کہ صاحب یہ مارکیٹ میں فروخت نہیں کریں گے - تربیلا وینچر کے متعلق دنیا جانتی ہے کہ انہوں نہ صرف اس قسم کی اشیاء کھلے بندوں فروخت کیں ، بلکہ جس کو درآمدہ شدہ چیز کی ضرورت ہوتی تھی وہ تربیلا جا کر جو چیز چاہتا تھا ، لے آتا تھا بلکہ انہوں نے لوہے کا سریہ لاکھوں ٹن کے حساب سے یہاں فروخت کیا - لاکھوں ٹن کے حساب سے کون انکار کر سکتا ہے کہ لوگ ٹرکوں کے ٹرک اپنی ضرورت کے مطابق ان سے خرید

کر لائے اور کہا یہ جاتا تھا کہ Scrap ہے حالانکہ پورے سریے کو وہ کاٹ دیتے تھے اور پھر کٹے ہوئے سرئیے کو وہ فروخت کر دیتے تھے ۔ اسی طرح گھریلو ضرورت کا سامان بغیر کسی درآمدی ڈیوٹی کے ادا کئے ۔ وہ درآمد کر سکتے ہیں ۔ لیکن وہ فروخت نہیں کیا جا سکتا ۔ ائر کنڈیشنر، ٹی وی ، کیمرے اور خبر نہیں کیا الا بلا جو کہ گھریلو ضروریات کے ماتحت آتی ہیں ، وہ لاتے رہے ہیں اور فروخت ہوتی رہی ہیں ۔ اب اس قانون میں صرف یہ لکھ دینے سے کہ انہیں فروخت کرنے کی اجازت نہیں ہوگی اس سے کام نہیں چلے گا ۔ آپ ان کے ہر ملازم پر اپنا ایک آفسر تو نہیں مقرر کر سکتے ۔ یہ ناممکن ہے کہ ان کی دیکھ بھال کی جا سکے ۔ ان کی اس طرح سپرویژن کی جا سکے کہ دیکھا جائے کہ کب وہ اپنی کوئی چیز فروخت کرتے ہیں یا نہیں کرتے ۔ یہاں تک ہی نہیں جناب چیئرمین بلکہ ان کو یعنی کمپنیوں کے ملازمین کو اور بہت سی مراعات اس بل کے ذریعے سے دی جا رہی ہیں میں اس بل کی اس بنیاد پر مخالفت کرتا ہوں کہ جو مراعات ان کو پیش کی گئی ہیں جو ان کو اس قانون کے ذریعے دی جا رہی ہیں وہ بہت زیادہ ہیں ۔ وہ ہمارے لئے مفید نہیں ہیں ۔ وہ ہمارے ملک کے لئے سودمند نہیں ہیں ۔ اس لئے جناب چیئرمین ان مراعات میں سے کچھ واپس لینی چاہئیں اور حد تو یہاں تک ہو گئی جناب چیئرمین کہ جن کمپنیوں نے ہم سے آج سے دس سال یا بیس سال پہلے معاہدے کئے ہوئے ہیں اور وہ شرائط طے شدہ نہیں ۔ تحریری معاہدے ہیں حکومت پاکستان اور ان کمپنیوں کے درمیان آج ہم یہ کہتے ہیں کہ صاحب ان کمپنیوں کو بھی یہ رعایتیں از خود مل جائیں گی ۔ اضافی طور پر مل جائیں گی کیونکہ ان کے ساتھ ہمارے معاہدے ہیں ۔ وہ اس معاہدے کے پابند ہیں ۔ ان کو قطعی طور پر کوئی مزید رعایت نہیں ملنی چاہئے ۔ نہ دینی چاہئے ، اگر وہ کام چھوڑ کر چلے جائیں تو وہ ہرجانے کے ذمہ دار ہوں گے اگر معاہدے میں ہرجانہ ہے ۔ اسی طرح اگر ہم ان کو چھوڑ دیں تو ہم بھی ان کے نقصان کے ذمہ دار بن سکتے ہیں معاہدے کے مطابق ۔ اس لئے جن کمپنیوں کے ساتھ انڈی پینڈنٹلی اس قانون سے سال پہلے ، دو سال پہلے ، دس سال، بیس سال پہلے معاہدے ہوئے ہیں ۔ ان کو مزید رعایتیں ہم از خود دے رہے ہیں ۔ یہ کہاں کی عقلمندی ہے اور اس ملک میں بسنے والوں کا اس میں کون سا بھلا ہوگا ۔ یہ درست ہے کہ اگر وہ لوگ کام بند کر دیں ۔ یا اگر مزید کوئی ہمارے ساتھ کام نہیں کرنا چاہتا ۔ تیل کی تلاش کے مسئلے میں ہماری امداد نہیں کرنا چاہتا تو ان کو مزید مراعات دی جائیں ۔ لیکن جو کام کر رہے ہیں ۔ جن کے ساتھ معاہدہ ہے اور معاہدے کی پابندی دونوں فریقوں پر ہوتی ہے ۔ یہ نہیں کہ صرف ہم پر ہے ان پر نہیں ہے ان کو مزید مراعات دی جا رہی ہیں ؛ اس لئے میں بنیادی طور پر اس

[Kawaja Mohammad Safdar]

اصول کی حمایت کرتے ہوئے ہمیں تیل تلاش کرنا ہے اور ضرور کرنا ہے -

جناب والا ! میں اپنے فرض میں کوتاہی کروں گا اگر میں تیل اور ایندھن کے وزیر اور ان کی آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کارپوریشن ہے - اس کے کارکنوں کو مبارکباد نہ دوں - حال ہی میں جو تیل نکلا ہے وہ ان کی کوششوں سے نکلا ہے - مجھے ایک خوشی تو یہ ہے کہ تیل اس ملک سے نکلا ہے اور دوسری خوشی یہ ہے کہ کسی غیر ملکی کمپنی نے نہیں نکالا - بلکہ اس کارپوریشن نے جو کہ حکومت پاکستان کی ملکیت ہے - اس نے نکالا ہے - میں ان کو مبارکباد کا مستحق سمجھتا ہوں اور اس لئے انہیں مبارکباد پیش کرتا ہوں - لیکن اس کے ساتھ ساتھ کل میں نے ایک سوال کیا تھا جب محترم وزیر صاحب تقریر فرما رہے تھے کہ صاحب ایک کنوئیں کے کھودنے پر کتنا خرچ آتا ہے - تو انہوں نے اپنی تقریر کے دوران میں ارشاد فرمایا تھا کہ تین چار کروڑ روپے - چار، پانچ کروڑ روپے جناب چیئرمین ! ظاہر بات ہے کہ چار پانچ کروڑ روپے بڑی رقم ہے - میں مانتا ہوں کہ موجودہ زمانے میں کروڑ چھوٹے ہو گئے ہیں اسی طرح لاکھ بھی چھوٹے ہو گئے ہیں اور بظاہر چار پانچ کروڑ روپے بڑی رقم ہے - اگر ہم اپنے وسائل میں سے اپنے اخراجات پر پابندی لگا دیں اور اس ملک کے غیر پیداواری اخراجات میں کمی کر دیں اور یہ کمی کی جا سکتی ہے - مجھ جیسا کند ذہن آدمی جو زیادہ اقتصادیات کے متعلق کچھ نہیں جانتا وہ بھی کم از کم نشاندہی کر سکتا ہے - کہ غیر پیداواری اخراجات میں کمی کی جا سکتی ہے - اگر ہم غیر پیداواری اخراجات میں کر دیں تو ۳۷ ، ۳۵ ارب میں سے دس بیس کروڑ روپے کی بچت ہر سال کر سکتے ہیں - ہمیں یقین ہے اور امید ہے کہ اگر ہم کوشش کریں تو کامیاب ہو سکتے ہیں - ہم سرکاری سطح پر تو کچھ نہیں کر سکتے البتہ ہم آپ کا ہاتھ بٹا سکتے ہیں اور ہم اپنی رائے دے سکتے ہیں جو ضرور فائدہ مند ہوگی اور یقین جانیے قائد اعظم نے یہ بھی ارشاد فرمایا تھا کہ اس ملک کی حفاظت کے لئے اس ملک کے رہنے والوں کو اگر پیٹ پر پتھر بھی باندھنے پڑیں تو ضرور باندھنے چاہئیں - اس لئے اس ملک کی ترقی کے لئے اقتصادیات کے اعتبار سے، معاشی اعتبار سے' سیاسی اعتبار سے ترقی دینے کے لئے اگر ہمیں پیٹ پر پتھر باندھنے پڑیں تو باندھیں گے - ہمیں معلوم ہے کہ ہم اپنی ضروریات کو کم کر دیں تو ہمارے بہت سے کام بہتر طریقے پر ہو سکتے ہیں اور اس ضمن میں حزب اختلاف کبھی پیچھے نہ رہے گی - ہم اپنے پیٹ پر پتھر باندھنے کے لئے تیار ہیں اور یہ جو کام کریں گے ہم انہیں یہ بتاتے رہیں گے یہ غلط ہے لیکن اگر بنیادی طور پر جو کام کریں گے ہم اس کی تائید کریں گے - قرآن مجید میں یہ

حکم دیا گیا ہے کہ نیکی اور بھلائی کے کاموں میں تعاون کیا کرو اور بدی اور برائی کے کاموں کی مخالفت کرو اور اس کے ساتھ تعاون نہ کرو ۔ اس حکم الٰہی کے تحت ہم ان سے امید کریں گے کہ جو میں نے نقائص بیان کئے ہیں اپنی ناقص عقل کے مطابق ان کو رفع کرنے چاہئیں اور ہمیں خود تیل کی تلاش میں نکلنا چاہئے ۔ شکریہ ۔

Mr. Qamaruz Zaman Shah : Mr. Chairman, Sir, agreeing with the principle, as Khawaja Sahib has said, the Opposition would always support the Government on the right thing and the right expenditure, I have yet to see a single Bill on which Khawaja Sahib has supported us.

Khawaja Mohammad Safdar : Even yesterday I supported.

Mr. Qamaruz Zaman Shah : It does not mean that the legislation brought by the Treasury Benches is not for the betterment of the people. Secondly, Sir, I do not know whether he has the facts and figures with him with regard to the total amount of money in foreign exchange and in local currency required to go in for extensive minning operations and if one really wanted to do it then it will be much more than 'pait per pathar bandhna'. Certainly the very fact that so far no serious effort was made in the past, the very fact that oil which was there but was not really being discovered, that is because they did not have any incentives and unless they have proper incentives, it will be difficult to work in areas where chances are remote. So, certainly it will be quite an incentive and, I think, Khawaja Sahib should see the overall national interest is kept beyond this particular legislation. Thank you.

Mr. Chairman : Thank you. Yes, Mr. Afzal Khan Khoso.

Mr. Afzal Khan Khoso : Mr. Chairman, Sir, the underlying reasons, as explained by the honourable Minister, of this amending Bill are that the Government is very conscious to bring in all forms and types of legislation and give all types of attractive terms to the foreign companies and foreign expertise which will be employed by them so that they can put in their money and their brains into the proper prospecting of oil in our country.

Sir, it is with regard to this only that the Government is put in a tight corner with regard to the concept and with regard to the expertise side of it. One has to make concessions and those concessions which even to the ordinary mind may sound more favourable to either side. But, Sir, in the initial stages one has to do so. I think it is necessary. One has to give them as many allurements as possible to bring them into the oil hunt. This also shows the anxiety.

Now, Sir, just as a passing reference, I would say the limit placed on the OGDC was 25 crores as soon as the limit was raised to 42 crores of rupees, and this amount was given to them, we saw the results. So,

[Mr. Afzal Khan Khoso]

it is money as well as expertise which had to be attracted, and Pakistan is not in a position to find these commodities to the extent that we can find from abroad. That is the only reason why our present Government has brought this legislation. It is to attract both commodities ; brain and money, which is needed in oil prospecting. So, I think all the fears expressed by worthy Khawaja Sahib are not really justified in my humble opinion. Thank you very much.

Mr. Chairman : Yes Mr. Kamal Azfar.

Mr. Kamal Azfar : Sir, I also want to speak in support of the Bill very briefly. Government's overall petroleum policy has been vindicated by results, and thanks to the policy of this Government, we are now approaching a stage of self-sufficiency in oil where oil is guaranteed. Therefore, I think the Government is, the best judge of this policy. The best suited policy for the country in this field has been shown by the result because the proof of the budding is in the eating.

Now with the Dhodak discovery, it is hardly appropriate to question the *bona fides* of the petroleum policy.

Sir, as regards the incentives, after all petroleum industry is an industry that has a tremendous amount of risk as far as oil exploration is concerned. There is no guarantee that if you put 100 dollars, you will get 10% return on it. There is an element of risk and, therefore, in order to attract potential explorers, I myself have experienced, certain incentive were necessary because you have to compare this with other countries. Other countries are giving tremendous concessions. Therefore, if you want to attract investment in our own country, you have to look as to what are the alternatives that other countries are offering in the world. I think, in the light of that experience, this Bill is likely to have a salutary effect, and who knows, as a result of investment attracted by this Bill, we will find another Dhodak. Thank you, Sir.

Mr. Chairman : Thank you.

Yes, Mr. Kamran Khan.

Mr. Kamran Khan : Sir, my honourable friend Kamal Azfar said that the taste of pudding lies in eating, so I probably take the opportunity to say that the proof of oil lies in smelling not in eating. Sir, generous offers and concessions have been offered to the foreign oil companies under this Bill. The honourable Leader of the Opposition dealt with them very ably and I should not repeat them. Concessions are necessary, of course, with certain safeguards but Sir, only concessions like, giving exemptions to foreign nationals from income tax and allowing them to import certain commodities free of tax, that is not the main thing. This is not the incentive. There exist a contradiction between the deals and words of the Government. The other day we were discussing a Bill regarding the taking over of Esso Company, and from this side it was pointed out to the Honourable Minister that this will scare away. This will just

shy away the foreign enterpreneures. You say that the Esso Company was selling away their undertakings, their business voluntarily, but still the foreign financial circles create doubtes. The other day the Prime Minister, in the Joint Sitting of the Parliament, said that the marketing business of oil would be nationalised. So, that shows that Esso Company probably was pressurised to sell away their business. So, Sir, it is more important to remove this contradiction between the deeds and words of the Government than offering these incentives. Sir, to my mind the more reliance should be placed on indgenous resources as we have seen that the Oil and Gas Development corporation have shown good results and every body was glad about it and every body was happy about it. We should intensify and accelerate our efforts and then they will not be far off when they will be self, sufficient, but we will be surplus country in the matter of oil. Sir, after the revolution in Russia when the capitalist power imposed an embargo on oil trade, those restrictions and embargo turned into disguise. They intensified their efforts with the result that the Russia not only became self-sufficient in the matter of oil but today Russia is an exporting country. Similarly we can learn a lesson from the day to day rise in the oil prices. We are entirely at the mercy of oil producing countries. It is entirely upto them. It is their commodity and they have every right to increase the prices, I think we don't have to debate that point but we are at the mercy of those countries and we don't know tomorrow or after six months there may be increase of 20 per cent and so on and so forth. So we must accelerate our efforts in finding oil from within our own resources, and not only oil but I would say we should also look for the alternative sources of energy because oil is a perishable item and it cannot be replenished. We should not just keep on waiting to the west to come to our rescue just hoping that the western powers and their technology would be able to find some alternative source of energy for us. Of course they are working for us but we on our part also should try to find alternative sources of energy. We have got talent in the country. We have got brain here, and there is no reason why we should not apply the brain and talent to this field. Now, Sir, recently we found oil in Dera Ghazi Khan and it is a very happy news. It was expected that at least there will be no change in the rise of prices of oil but we saw along with happiness that the price of oil was increased. They say that the price increased over six per cent to which I differ.

Mr. Chairman : Would that be relevant to the present Bill.

Mr. Kamran Khan : We are discussing oil for the benefit of the people.

Mr. Chairman : But you can't discuss my hair oil. What hair oil I am using.

Mr. Kamran Khan : No, Sir, I am not discussing about the hair oil. I am talking about the fuel.

Mr. Chairman : No, you can talk over the Bill but not the prices.

The present Bill has nothing to do with the prices.

Mr. Kamran Khan : But, Sir, we want to find oil. We want that the people should benefit........

Mr. Chairman : My dear friend, you can do that. So far as the recent increase in the price is concerned, this is not relevant.

Mr. Kamran Khan : Sir,......

Mr. Chairman : Well that is may ruling.

Mr. Kamran Khan : All right Sir.

Mr. Chairman : No, you can criticise the Bill. If there is any oil question related to that, you can decide that. But increase in the oil prices effected recently, that is not relevant.

Mr Kamran Khan : Sir, we are trying to find oil for the benefit of the people so that oil should be made available cheaper. In Iran per gallon costs Rs. 2/- where we have to pay much throughout.

Mr. Chairman : Will you please listen to me. It is my misfortune that I have not been able to make you understand fully. I say you can criticise the Bill and any thing connected with the Bill but so far as the recent increase in the oil price effected by the Federal Government is concerned that would not be relevant. You should distinguish between the two points.

Mr. Kamran Khan : Then I should say that there has been no increase in the oil and the increase is not six per cent but say it 18 per cent and that was my point.

Mr. Afzal Khan Khoso : Point of order Sir. Sir this discussion would have been more relevant yesterday when an adjournment motion on this particular point was presented before this House.

Mr. Chairman : That has been done, you see. Now, I say it is not possible.

Mr. Kamran Khan : Thank you very much Sir. I have been confused.

Mr. Chairman : Thank you. Mr. Yusuf Khattak would you like to add any thing to what you have already said.

Mr. Yusuf Khattak : I can say now Sir, but I would like to say when I would be winding up the discussion on the Bill. Sir, are you going to take up amendments ?

Mr. Chairman : You have another opportunity in the third reading. Khawaja Sahib, what would wou like to say ?

خواجہ محمد صفدر : اگر آپ مناسب سمجھیں تو اگلے دن پر باقی کارروائی ملتوی کر دیں - یہ کوسچن آپ پٹ کر دیں -

Mr. Chairman : Now, I put the question.

The question before the House is :

